Shabbir / Fazil

28-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیاء کی جنگ کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا ہے کہ تجارتی استحکام، توانائی کی یقینی فراہمی، شہریوں کے مفادات کی حفاظت اور سپلائی چین کا استحکام، حکومت کی اعلیٰ ترجیح ہے۔

2- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت، واحد ملک ہے، جہاں دنیا کے جغرافیائی و سیاسی بحران کے باوجود پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوا ہے۔

3- مغربی ایشیاء میں، کشیدگی اب بھی جاری ہے۔ اسرائیل نے ایران کی اہم، اسٹیل، بجلی اور نیوکلیائی جگہوں پر حملے کیے ہیں۔ ایران نے کہا ہے کہ یہ حملے، امریکہ کی طرف سے سفارتی کوششوں کی آخری مدّت میں توسیع دینے کی خلاف ورزی ہیں۔

4- وزیر اعظم مودی آج اترپردیش کے جیور علاقے میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کریں گے۔

5- لداخ میں، زوجیلا درّے کے قریب، بہت سی گاڑیوں پر برفیلی چٹّانیں گرنے کے حادثے میں 7 افراد ہلاک ہو گئے۔

6- اور 19 واں IPL کرکٹ آج شام بنگلورو میں شروع ہوگا۔ پہلا میچ رائل چیلنجرس بنگلورو اور سنرائزرس حیدرآباد کے درمیان کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM CMs West Asia

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ اقتصادی اور تجارتی استحکام کو برقرار رکھنا، توانائی کی فراہمی کو یقینی بنانا، شہریوں کے مفادات کا تحفظ کرنا اور صنعت و سپلائی چین کو مستحکم بنانا، مغربی ایشیاء میں کشیدگی کے دوران

حکومت کی اعلیٰ ترجیحات ہیں۔ جناب مودی نے یہ بات کل شام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزراء اعلیٰ اور لیفٹننٹ گورنرز کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ورچوئل وسیلے سے منعقدہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ یہ میٹنگ، مغربی ایشیاء میں جاری جنگ، اور بھارت پر اِس کے امکانی اثرات کے تناظر میں، ملک کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے منعقد کی گئی تھی۔

میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نے مرکز اور ریاستوں کے درمیان چوکسی، پیشگی منصوبہ بندی اور بلا رکاوٹ تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

انہوں نے ملک پر کسی بھی طرح کے امکان اثرات سے، موٴثر طور پر نمٹنے کیلئے ٹیم انڈیا کے ایک تال میل والے طریقۂ کار کیلئے کہا۔

ریاستوں کے اہم رول کو اُجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے مرکز کے ساتھ بلارکاوٹ مواصلات اور حقیقی سطح پر تیزی سے عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب مودی نے ریاستوں سے یہ بھی زور دے کر کہا کہ وہ سپلائی چین کی بلا رکاوٹ کارکردگی کو یقینی بنائیں اور ذخیرہ اندوزی، نیز منافع خوری کی روک تھام کیلئے سخت اقدام کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک بین وزارتی گروپ کی کارکردگی اس ماہ کی تین تاریخ سے شروع کی گئی ہے، جس کے تحت روزانہ کی صورتحال کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور اس کے مطابق بروقت فیصلے کیے جا رہے ہیں۔

جناب مودی نے زراعت کے شعبے، خاص طور پر خریف کی فصل سے پہلے کیمیاوی کھادوں کی بھرپور دستیابی کو یقینی بنانے میں، پیشگی منصوبہ بندی کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے گمراہ کُن معلومات کے خلاف خبردار کیا اور ریاستوں کو مشورہ دیا کہ وہ درست معلومات فراہم کریں، تاکہ آن لائن گھپلوں کی روک تھام کیلئے چوکس رہتے ہوئے، کسی طرح کی دہشت کو روکا جا سکے۔

وزیر اعظم مودی نے دیرپا استحکام پر زور دیتے ہوئے ریاستوں سے زور دے کر کہا کہ وہ شمسی توانائی، بایو ایندھن اور الیکٹرک نقل و حمل جیسے، توانائی کے متبادل وسائل اختیار کرنے اور پائپ کے ذریعے قدرتی گیس پہنچانے سے متعلق بنیادی ڈھانچے کے عمل میں تیزی لائیں۔

انہوں نے تیل اور گیس کی گھریلو دریافت میں اضافے کی ضرورت پر زور دیا، جس میں ریاستوں کا تعاون شامل رہے۔

وزراء اعلیٰ نے اس صورتحال سے نمٹنے کیلئے مرکزی حکومت کی طرف سے کیے گئے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے اس بحران کے دورن مختلف ملکوں سے وزیر اعظم کی طرف سے سفارتی طور پر رابطہ قائم کرنے کے عمل کو بھی سراہا، تاکہ بیرونِ ملک بھارتی شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنایا جا سکے۔×

Shah West Asia

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مغربی ایشیاء میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے سبب، عالمی سطح پر رکاوٹوں کے باوجود، بھارت میں روزمرہ کی زندگی پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے اور ملک نے اس بحران سے مؤثر طور پر نمٹا ہے۔
کل شام نئی دلّی میں پرائیویٹ میڈیا کی سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ پچھلی دہائی میں پیٹرولیم کے ذخائر کو مستحکم اور محفوظ بنانے کی، حکومت کی لگاتار کوششوں سے، سپلائی میں استحکام کی یقین دہانی ہوئی ہے۔ جناب شاہ نے خاص طور پر کہا کہ کئی ملکوں میں ایندھن کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، جبکہ بھارت میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں پر تقریباً کوئی اثر نہیں پڑا اور سپلائی برقرار رہی۔

S/B - Amit Shah

جناب شاہ نے کہا کہ حکومت نے توانائی کی یقینی فراہمی میں اضافے کیلئے طویل مدّتی اقدام کیے ہیں، جن میں پیٹرولیم کے ذخیروں میں اضافہ اور درآمداتی وسائل میں تنوع پیدا کرنا ہے۔
انہوں نے کہا کہ بھارت اب 42 ملکوں سے پیٹرولیم مصنوعات درآمد کرتا ہے، جبکہ 2014 میں محض 27 ملکوں سے یہ برآمدات کی جاتی تھیں، جس سے لگاتار سپلائی کی یقین دہانی ہوتی ہے۔
انہوں نے یہ بات بھی خاص طور پر کہی کہ بھارت کی غیر ملکی پالیسی میں، عالمی سطح پر امن اور تحمّل کی وکالت کرتے ہوئے، سبھی ملکوں کے ساتھ متوازن تعلقات برقرار رکھنے پر توجہ دی گئی ہے۔×

Iran Israel Attack

مغربی ایشیاء میں ایران کی اہم اسٹیل، بجلی، نیوکلیائی تنصیبات پر کل رات اسرائیل نے اپنے حملے تیز کر دیے، جس کے بعد جاری جنگ میں اور شدّت آ گئی ہے۔ تہران نے حملوں کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ سفارتی کوششوں کی اہمیت کو کم کرتے ہیں اور مذاکرات کیلئے توسیع شدہ مدّت کے برخلاف ہیں۔
ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پوسٹ میں انتباہ دیا کہ ایران کے دو اہم اسٹیل پلانٹس اور حساس نیوکلیائی مراکز سمیت کلیدی بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی اسرائیل کو بھاری قیمت چکانی ہوگی۔ ×

Iran Hormuz

ایران نے آبنائے ہُرمز کے ذریعے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی فراہمی میں سہولت دینے اور اُسے تیز کرنے پر اتفاق کیا ہے، جو تیل کی ترسیل کیلئے دنیا کے مصروف ترین آبی راستوں میں سے ایک ہے۔ اقوام متحدہ میں ایرانی سفیر علی بحرینی نے جنیوا میں کہا کہ تہران نے اقوام متحدہ کی اس درخواست کو قبول کر لیا ہے، جس میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور زرعی ترسیلات کو آبنائے ہُرمز سے گزرنے دینے کیلئے کہا گیا تھا۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev.PM Modi Noida Airport

وزیراعظم نریندر مودی آج اتر پردیش کے گوتم بدھ نگر کے Jewar میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کریں گے۔ اِس موقعے پر جناب مودی ہوائی اڈے کی ٹرمنل عمارت کا دورہ کریں گے۔ وزیراعظم اس کے بعد جلسے سے خطاب بھی کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Anupam

نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کا افتتاح، بھارت کے عالمی ہوابازی کے ہب بننے کے سفر میں اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ یہ ہوائی اڈہ قومی راجدھانی خطے کیلئے بڑا بین الاقوامی گیٹ وے ثابت ہوگا جو ملک کے ہوائی اڈے کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے اور علاقائی اور بین الاقوامی کنکٹوٹی بڑھانے کی نمائندگی کرتا ہے۔ دلی کے اندرا گاندھی انٹرنیشنل ہوائی اڈے، IGI کے بعد نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کو دلی قومی راجدھانی خطے میں دوسرے بین الاقوامی ہوائی اڈے کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔ یہ دونوں ہوائی اڈے مل کر مربوط ہوابازی نظام کے طور پر کام کریں گے، جس سے مسافر صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا، دباؤ میں کمی آئے گی اور دلی قومی راجدھانی خطے کے عالمی ہوابازی ہب بننے میں مدد ملے گی۔

نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈہ، ملک کے سب سے بڑے گرین فیلڈ ہوائی اڈہ پروجیکٹوں میں سے ایک ہے۔
نوئیڈا بین الاقوامی اڈے کا پہلا مرحلہ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت گیارہ ہزار دو سو کروڑ روپے کی مجموعی سرمایہ کاری سے تیار کیا گیا ہے۔ ابتدا میں یہ ہوائی اڈہ، 12 مِلین مسافروں کے سالانہ بندوبست کی صلاحیت کا حامل ہوگا اور پوری طرح تیار ہونے کے بعد اپنی پوری صلاحیت پر یہ سالانہ 70 ملین مسافروں کے کام آئے گا۔ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈہ تین ہزار 900 میٹر رَن وے سے لیس ہے، جسے بڑی جسامت کے طیاروں اور جدید ترین Navigation سسٹم کیلئے سبھی موسموں میں 24 گھنٹے استعمال کیا جاسکے گا۔
یہ ہوائی اڈہ جامع کارگو ایکوسسٹم سے بھی لیس ہے اور اِس کیلئے ملٹی Modal کارگو ہب اور لوجسٹک زون تعمیر کیے گئے ہیں۔

Jewar، گوتم بدھ نگر سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..........

EC WB Polls

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے کچھ حصوں میں تشدد اور بدامنی کے حالیہ واقعات کے بعد ریاست میں پولیس انتظامیہ کی نگرانی میں اضافہ کر دیا ہے۔ اگلے مہینے ہونے والے اسمبلی انتخابات سے پہلے، سبھی سطح کے افسران کو سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ چیف انتخابی افسر کی ہدایات کے مطابق سبھی غیر ضمانتی وارنٹس تعمیل کیے جائیں گے اور فرار ملزمین کو پکڑنے کیلئے خصوصی کوششیں کی جائیں گی۔

مغربی بنگال میں 23 اور 29 اپریل کو، دو مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ریاست میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن پیر کو جاری کیا جائے گا۔×

Shah SIR

BJP کے سینئر رہنما اور وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ چناؤ فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کا مقصد اُن دراندازوں کے ناموں کو ہٹانا ہے، جنہیں، جعلی دستاویزات کی بنیاد پر چناؤ فہرستوں میں شامل کر لیا گیا ہے۔

کل شام نئی دلّی میں ایک پرائیویٹ میڈیا سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ اِس کام کا مقصد چناؤ فہرستوں کی دیانتداری اور درستی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ SIR کا عمل بہت سی ریاستوں میں انجام دیا گیا ہے، جن میں تمل ناڈو اور کیرالم بھی شامل ہے، البتہ وہاں کوئی بڑی تشویش ظاہر نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعتراضات ابتدائی طور پر مغربی بنگال سے اُبھرے ہیں، جبکہ دیگر ریاستوں میں یہ عمل خوش اسلوبی سے تکمیل کو پہنچا۔

S/B - Amit Shah

آسام میں، حکمرانی کا ذکر کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ حکومت نے پچھلے کچھ برسوں میں ریاست میں امن و استحکام کو یقینی بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 13 امن معاہدوں پر دستخط کیے گئے ہیں، جس کی وجہ سے تقریباً 11 ہزار افراد ہتھیار ڈال کر، اصل دھارے میں شامل ہوئے ہیں اور اِن میں سے کئی لوگوں کو روزگار کے موقع فراہم کر کے، اُن کی بازآبادکاری کی گئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ امن کی بحالی اور ترقی کیلئے لگاتار کوششوں کی وجہ سے آسام میں یکسر تبدیلی آئی ہے اور اس ریاست کی ترقی دیگر ترقی یافتہ ریاستوں کے قریب آ گئی ہے۔×

Leh Avlanche

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر اور لداخ کو جوڑنے والی قومی شاہراہ پر واقع زوجیلا پاس سے گزرنے والی گاڑیوں پر برفانی تودے گرنے سے سات لوگوں کی موت ہوگئی اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ حادثے کے فوراً بعد بچاؤ کارروائی شروع کردی گئی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر جیتیندر سنگھ نے اس حادثے میں سات لوگوں کے ہلاک ہونے کی تصدیق کی ہے۔ اس حادثے پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ زخمیوں کو تمام ضروری امداد دی جا رہی ہے۔ لداخ کے لیفٹننٹ گورنر وِنے کمار سکسینہ نے بھی اس المناک حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

Nepal Oli Arrest

نیپال کے سابق وزیراعظم کے پی شرما اولی کو آج صبح گرفتار کرلیا گیا۔ انھیں گذشتہ سال ہوئے Gen Z مظاہروں میں اُن کی مبینہ شمولیت کی بنا پر گرفتار کیا گیاہے۔ بالیندر شاہ کی جانب سے نیپال کے سب سے کم عمر وزیراعظم کے طور پر حلف لینے کے ایک دن بعد کے پی شرما اولی کو گرفتار کیا گیا ہے۔ بھکتاپور رینج کے ضلع پولیس سربراہ اور پولیس سپرنٹنڈنٹ سوریہ بہادر کھڑکا کے مطابق سابق وزیراعظم کو اُن کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا گیا۔
جناب اولی کے ساتھ سابق وزیر داخلہ رمیش Lekhak کو بھی حراست میں لیا گیاہے۔x

Rev. IPL Cricket

19 وِیں انڈین پریمئر لیگ IPL کا، آج شام بنگلورو میں آغاز ہوگا۔ پہلا میچ ایم Chinnaswamy اسٹیڈیَم میں دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرس بنگلورو اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق آج شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ یہ دو ماہ طویل ٹورنامنٹ 31 مئی کو اختتام پذیر ہوگا۔
پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Swati Rakheja

IPL Music

رائل چیلنجرس بینگلورو اپنے نئے کپتان رجت Patidar کی قیادت میں اپنا خطاب بچانے اترے گی۔ سن رائزرس حیدرآباد کے کپتان ایشان کشن ہوں گے جنھوں نے آسٹریلیا کے Pat Cummins کو چوٹ آنے کے سبب ٹیم کی کپتانی سنبھالی ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ نے روایتی افتتاحی تقریب منسوخ کردی ہے۔
یہ فیصلہ گزشتہ برس جون میں رائل چیلنجرس بینگلورو کی خطابی جیت کے جشن کے دوران اسٹیڈیَم کے باہر ہوئی بھگدڑ کے واقعے میں جان گنوانے والے 11 شائقین کے احترام میں کیا گیاہے۔ حکام نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ اِن افراد کی یاد میں اِس سیزن میں اسٹیڈیَم کی 11 سیٹیں خالی رہیں گی۔
دلی سے سواتی رکھیجا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .......

Jaishankar G7 Ministers

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے عالمی اقتصادی سلامتی کیلئے جہاز رانی کی آزادی کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے فرانس میں G7 وزرائے خارجہ میٹنگ کے دوران یہ بات کہی۔

سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکر جے شنکر نے کہا کہ میٹنگ کے دوران انھوں نے اہم معدنیات کی ویلیو چین سے متعلق اشتراک کو وسعت دینے کیلئے جاری اقدامات کی ستائش کی اور نارکو دہشت گردی تعلقات کے خطرے پر تبادلۂ خیال کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ وزرائے خارجہ نے میٹنگ کے دوران بین شعبہ جاتی خطرات اور سالمیت پر بات چیت کی۔

اِس سے پہلے وزیر خارجہ نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کی اور میٹنگ کے تناظر میں ثمر آور بات چیت کی۔

سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان کے ساتھ اپنی میٹنگ میں وزیر خارجہ نے مغربی ایشیا پر جناب فرحان کے تجزیوں کی ستائش کی اور بھارت اور سعودی عرب کے درمیان دو طرفہ تعاون پر بات چیت کی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے اٹلی کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ انٹونیو تاجانی، یوروپی کمیشن کی نائب صدر کایا Kallas، یوکرین کے وزیر خارجہ Andrii Sybiha اور جرمنی کے وزیر خارجہ Johann Wadephul سے بھی ملاقات کی۔

WB SIR List

مغربی بنگال میں، بھارت کے انتخابی کمیشن نے عدالتی طریقۂ کار کے حصے کے طور پر زیرِ التوا ناموں کی انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی، SIR کی دوسری فہرست شائع کی ہے۔

رائے دہندگان، ریاستی چیف انتخابی افسر کی ویب سائٹ پر یا ECI نیٹ ایپ کا استعمال کرتے ہوئے EPIC نمبر کے ذریعے اپنے ناموں کی شمولیت سے متعلق تصدیق کرسکتے ہیں۔x

Puri Oil India

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آئل انڈیا لمیٹڈ کو، ایک ہی دن میں، تیل اور گیس کی روزانہ کی اب تک کی سب سے زیادہ پیداوار کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ آئل انڈیا لمیٹڈ نے جمعرات کو ایک لاکھ 47 ہزار 159 بیرلس تیل کی پیداوار کی۔

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ بھارت، توانائی کے اپنے بنیادی ڈھانچے کو لگاتار مضبوط بنا رہا ہے اور توانائی میں خودکفالت کی جانب پیشرفت کر رہا ہے۔x

Goyal WTO Meetings

تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ اتفاقِ رائے پر مبنی فیصلہ سازی کے احیاء کیلئے، دوبارہ اعتماد سازی لازمی ہے، جس سے سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اور جو عالمی تجارتی تنظیم کی مضبوط بنیاد ہے۔ جناب گوئل نے یہ بات Cameroon میں عالمی تجارتی تنظیم کی چودھویں وزارتی کانفرنس کے ایک وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ ایک مضبوط کثیر ملکی تجارتی نظام صحیح معنوں میں اُسی وقت پروان چڑھ سکتا ہے، جب اُس کا ادارہ جاتی فریم ورک، اپنے ارکان کی مشترکہ امیدوں سے ہم آہنگی اور مطابقت رکھتا ہو۔

وزیر موصوف نے، کانفرنس سے الگ، امریکہ کے تجارتی نمائندہ Jamieson Greer سے بھی بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے کانفرنس کے ایجنڈے کے جائزے، بھارت-امریکہ BTA مذاکرات کے سلسلے میں اگلے اقدامات اور اقتصادی تعاون نیز دوطرفہ تجارتی تعلقات میں مزید گہرائی پیدا کرنے کے، دریافت شدہ موقعوں پر تبادلۂ خیال کیا۔x

IMD

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں شدید بارش کی پیشگوئی کرتے ہوئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

بہار، مغربی بنگال اور سکم میں آج گرج چمک اور ژالہ باری کا امکان ہے۔ IMD نے گنگائی مغربی بنگالی، ہماچل پردیش اور اوڈیشہ میں بھی گرج چمک کا امکان ظاہر کیا ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنے پہلے صفحے کی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: ملک میں لاک ڈاؤن نہیں لگے گا، حکومت کی یقین دہانی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: پیٹرول اور ڈیزل پر اضافی ایکسائز ڈیوٹی میں کٹوتی۔

مغربی ایشیا کے بحران پر وزیرِاعظم مودی کی وزراءِ اعلیٰ کے ساتھ میٹنگ، تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس خبر کو انقلاب کے علاوہ دیگر اخبارات نے اپنے صفحۂ اول پر پیش کیا ہے۔

بالیندر شاہ کی نیپال کے وزیرِاعظم کے طور پر حلف برداری سے متعلق خبر کو ہندوستان ایکسپریس کے علاوہ دیگر اخبارات نے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے سری نگر لیہہ ہائی وے پر برفانی تودہ گرنے سے کئی افراد کے ہلاک ہونے کی خبر کو پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی چند بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

1- ٹرمپ نے از خود ایرانی تنصیبات پر حملے کا فیصلہ 10 دن کے لئے مؤخر کیا۔
2- ایران نے کہا کہ ''جنگ بندی کی امریکی تجاویز یکطرفہ اور غیر منصفانہ۔
3- مشرقِ وسطیٰ کی جنگ ہمارا مسئلہ نہیں، فرانس کا آبنائے ہرمز آپریشن میں شمولیت سے انکار۔
4- خلیجی ممالک میں شدید بارش سے عام زندگی مفلوج، UAE میں طوفان کا خطرہ، الرٹ جاری۔
5- یوکرینی صدر کا اچانک سعودی عرب کا دورہ، دفاعی تعاون کے معاہدے پر دستخط۔

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیاء کی جنگ کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا ہے کہ تجارتی استحکام، توانائی کی یقینی فراہمی، شہریوں کے مفادات کی حفاظت اور سپلائی چین کا استحکام، حکومت کی اعلیٰ ترجیح ہے۔
2- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت، واحد ملک ہے، جہاں دنیا کے جغرافیائی و سیاسی بحران کے باوجود پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوا ہے۔
3- مغربی ایشیاء میں، کشیدگی اب بھی جاری ہے۔ اسرائیل نے ایران کی اہم، اسٹیل، بجلی اور نیوکلیائی جگہوں پر حملے کیے ہیں۔ ایران نے کہا ہے کہ یہ حملے، امریکہ کی طرف سے سفارتی کوششوں کی آخری مدّت میں توسیع دینے کی خلاف ورزی ہیں۔
4- وزیر اعظم مودی آج اترپردیش کے جیور علاقے میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کریں گے۔
5- لداخ میں، زوجیلا درّے کے قریب، بہت سی گاڑیوں پر برفیلی چٹّانیں گرنے کے حادثے میں 7 افراد ہلاک ہو گئے۔
6- اور 19 واں IPL کرکٹ آج شام بنگلورو میں شروع ہوگا۔ پہلا میچ رائل چیلنجرس بنگلورو اور سنرائزرس حیدرآباد کے درمیان کھیلا جائے گا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---